© rasailojaraid.com



**مکتوبات اشرفیہ**

مؤلف : مولانا محمد شریف صاحب ۔ صفحات : ۱۱۰ قیمت ۳/۵۰ روپے

ناشر : ادارہ تالیفات اشرفیہ ہارون آباد بہاولنگر ۔

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا الحاج القاری الحافظ محمد اشرف علی تھانوی قدس اللہ سرہ العزیز کے کمالات علمیہ وعملیہ اور حکیمانہ کلمات ونصائح اور ان کی تربیت واصلاح اور طریقہ رشد وہدایت کی نظیر برصغیر پاک وہند میں نہیں ملتی، زیر نظر رسالہ مکتوبات اشرفیہ حکیم الامت کے ایک خلیفہ مولانا الحاج محمد شریف صاحب کا مجموعہ ہے۔ جس میں حضرۃ حکیم الامت قدس سرہٗ سے جامع کے ابتدائی تعلق اور پھر چند خطوط کا ذکر ہے جو حکیم الامۃ کیطرف سے ان کے نام آتے رہے۔ حکیم الامت نے ان کو کوئی تین صد خطوط لکھے جن میں سے یہ چند خطوط شامل رسالہ ہیں۔ ان کے علاوہ حضرۃ مولانا مفتی محمد حسن اور حضرت مولانا خیر محمد اور خواجہ عزیز الحسن اور حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمہم اللہ تعالیٰ خلفاء حکیم الامۃ کے چند خطوط کا بھی ذکر ہے۔

رسالہ کے مطالعہ سے جامع کے خلوص، محبت اور عقیدت اور پھر حکیم الامت کے اصلاح و تربیت کی عجیب کیفیت معلوم ہوتی ہے۔ حکیم الامت کے ارشادات دیکھ کر متاثر ہوئے بغیر کوئی بھی نہیں رہ سکتا۔ ایک مرید اور شیخ کے تعلق اور حسن ادب اور افادے استفادے کا شاہکار ہے۔

(مولانا محمد حسن جان استاد دار العلوم حقانیہ)

**افادات ہارونی**

مصنف مولانا محمد ہارون صاحب ۔ مدرس دار العلوم حقانیہ ۔ صفحات : ۵۲

قیمت -/۳ کاغذ سفید ۔ ناشر : مکتبۂ تنظیم الاشاعت ۔

یہ مختصر رسالہ منطق کے مشہور اور درسی ابتدائی رسالہ "ایساغوجی" کی شرح ہے ۔ مصنف موصوف چونکہ علم منطق و فلسفہ کے ماہر اور دار العلوم حقانیہ میں کافی عرصہ سے مدرس ہیں، اس لئے ان کی یہ شرح طالب علموں کے لئے بڑی مفید ہے۔ شرح پشتو زبان میں گویا ایک مفصل تقریر ہے۔ جس سے عبارت کی شرح اور اعتراضات وجوابات بہت سہل اور آسان اسلوب سے حل ہو جاتے ہیں۔ صرف پشتو جاننے والے اس شرح سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

**فضائل علم**

مصنف مولانا حمید اللہ جان ، ناشر : شعبۂ تصنیف دار العلوم کی مروت ضلع بنوں۔

صفحات : ۸۰ قیمت ۲/۵۰ روپے ۔ کاغذ سفید عمدہ ۔

علم کی فضیلت میں یہ رسالہ چند آیات اور احادیث اور اقوال مشائخ کا مجموعہ ہے۔ جس میں علم کی فضیلت ، علماء کا مقام ، اور ان کی تعظیم ظاہر کی گئی ہے۔ طالب علموں کے فائدہ کیلئے تحصیل علم کے آداب بھی شامل ہیں۔ عام مسلمانوں اور خصوصاً طالب علموں کے لئے بہت کار آمد ہے۔

© rasailojaraid.com